انچارج لائبریری
مدرسہ منتظر مہدی

القائم

یہ کتاب مندرجہ ذیل مقامات سے مل سکتی ہے ۔

- ادارہ القائم رجسٹرڈ پوسٹ بکس نمبر ۲۹۹ لاہور
- ادارہ القائم رجسٹرڈ باغبانپورہ لاہور
- مکتبہ السبطین ۲۹۹/E/۹ سٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا
- مکتبہ جعفریہ مرکزی امام بارگاہ بلاک نمبر ۴ سرگودھا
- حیدری بک ایجنسی موچی دروازہ لاہور
- مکتبہ کاظمیہ مخزن العلوم جعفریہ ملتان
- رحمت بک ایجنسی کھارادر کراچی
- محفوظ بک ایجنسی مارٹن روڈ کراچی

س: کیا امیر المومنینؑ نے اس دنیا میں تشریف لاتے ہی تلاوت قرآن فرمائی تھی؟

ج: بحار الانوار وغیرہ میں اس مضمون کی ایک طویل روایت موجود ہے اگرچہ بعض علمائے اعلام جیسے علامہ سید ہبۃ الدین شہرستانی نے اپنے رسالہ "الدلائل والمسائل" میں اس پر تنقید کرکے اس کی تضعیف کی ہے۔ "واللہ العالم"

س: کیا امیر المومنینؑ کو غزوۂ احد میں جو ذوالفقار عطا ہوئی تھی وہ آسمان سے اتری تھی؟

ج: مشہور و منصور قول یہ ہے کہ جناب رسول خداؐ نے عطا فرمائی تھی۔

"واللہ العالم"

س: کیا آپ کے نزدیک نہج البلاغہ مکمل کلام امیر المومنینؑ ہے۔ اگر ہے تو کون سی دلیل ہے؟

sibtain.com

ج: ان دوسرے علماء و فقہاء کی طرح میرے نزدیک بھی نہج البلاغہ جناب امیر المومنینؑ کے کلام حق ترجمان کا مستند مجموعہ ہے اور اس کی صحت کے متعلق دلائل اور منکرین کے جملہ شکوک و شبہات کے جوابات معلوم کرنے کے لئے استناد نہج البلاغہ (عربی) یا منہاج نہج البلاغہ (اردو) کی طرف رجوع کریں۔

س: حضرت آدم کی نسل کس طرح بڑھی پھیلی۔ ہابیل قابیل فرزند تھے ان کی شادی کس سے ہوئی اگر کسی عورت سے شادی ہوئی تھی تو کیا دوسری نوع سے عقد ہو سکتا ہے؟

ج: اس سلسلے میں آئمہ طاہرینؑ کے ارشادات کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت آدم کے دو بیٹوں میں سے ایک کے لئے خدا نے جنت سے حوریہ بھیجی اور دوسرے کے لئے ایک جنیہ کا انتظام کیا اور ان ازدواج کے نتیجہ میں جو اولاد پیدا ہوئی ان کی آگے آپس میں شادیاں ہوئیں۔ اور اس سے اولاد آدم کا سلسلہ چلا (ملاحظہ ہو احتجاج طبرسی اور بحار الانوار وغیرہ) البتہ نکاح کے جہاں دوسرے حوالے مذکور ہیں جیسے دراسات الایمان وغیرہ وہاں کسی کتاب میں اتحاد نوع کا کوئی تذکرہ نہیں ہے۔ "واللہ العالم"